اکتوبر
2012

# ''یسوع پر بھروسہ رکھیں''

''تیرے کہنے سے جال ڈالوں گا''۔ (لُوقا 5-5)

یسوع شمعون کی کشتی پر بیٹھا اُن لوگوں کے ساتھ بات کر رہا تھا جو کنارے پر اُسے سننے کے لئے اِکٹھے ہوئے تھے۔





تب یسوع نے شمعون سے کہا کہ گہرے پانی میں لے جا اور جال ڈال۔ شمعون نے جواب میں کہا'' کہ ہم نے ساری رات محنت کی ہے مگر کچھ حاصل نہیں کیا''۔ لیکن پھر بھی اُس نے یسوع پر بھروسہ رکھا اور جال پانی میں پھینکا۔



بہت جلد جال مچھلیوں سے بھر گیا اور پھٹنے لگا، شمعون نے اپنے ساتھیوں کو پُکارا جو دوسری کشتی پر تھے: ''کیا تم میری مدد کے لئے آسکتے ہو؟'' کیونکہ دونوں کشتیاں اوپر تک بھر گئیں اور وہ یہ ماجرا دیکھ کر حیران تھے۔

## نینسی جو کہ امریکہ سے ہے اپنا تجربہ بتاتی ہے۔




ایک دن ایک نئی لڑکی جس کا نام میری ہے، میرے سکول میں آئی۔ کوئی بھی اُس کے پاس نہیں جانا چاہتا تھا کیونکہ وہ بہت غریب تھی۔



میں نے اُس میں یسوع کو دیکھا اور اس کے قریب جا کر اُسے سلام کیا۔ پھر میں نے اُسے اپنی رنگ بھرنے والی پنسلیں دے دیں۔



اگلے دن میری سالگرہ تھی اور مجھے تحفے میں کلر پینسلوں کا ایک پورا پیکٹ مِل گیا۔